© rasailojaraid.com

بھی غور کیا۔ شرکائے اجلاس میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔ الحاج شیر افضل خان صاحب، بدیشی۔ مولانا ولایت شاہ صاحب کاکاخیل۔ قاری محمد امین۔ قاری سعید الرحمان صاحب راولپنڈی۔ حاجی محمد عباس خان صاحب اکوڑہ۔ حاجی محمود صاحب راولپنڈی۔ مولانا حبیب اللہ صاحب تنگی۔ مولانا مجاہد خان نوشہرہ۔ حکیم جمیل احمد مردان۔ میاں راز گل صاحب۔ میاں عبد المنان صاحب مولانا عبد الرشید صاحب۔ حاجی مطیع الرحمان صاحب۔ مولانا فضل حکیم پیر پیائی، مولانا عبد المنان صاحب۔ مولانا سیف الرحمان صاحب۔ ڈاکٹر صاحب شاہ صاحب۔ مولانا شاہ سعید صاحب۔ الحاج مستقر خان صاحب، حاجی حضرت جمال۔ خان شیر افضل خان لاہور۔ حاجی وزیر محمد صاحب برباشیل، حاجی سعد الواسع صاحب۔ حاجی عارف اللہ صاحب۔ خان ولی محمد خان صاحب گڑھی کپورہ۔ مولانا قاضی عبد السلام صاحب نقالوی، الحاج محمد جبار صاحب۔ اس کے علاوہ مولانا سمیع الحق ایڈیٹر الحق۔ مولانا سلطان محمود دفتر اہتمام، حاجی محمد یوسف صاحب۔ حاجی سید نور بادشاہ، حاجی غلام محمد، حاجی رحمان الدین وغیرہ۔

سالانہ آمدن و خرچ اور منظور شدہ میزانیہ کا تفصیلی نقشہ منسلک ہے۔

**مصری استاذ کا تقرر** | دار العلوم میں اس ماہ سے جامع ازہر مصر کی طرف سے ایک استاذ شیخ عبد الوہاب منصور شلبی کا بطور عربی استاذ تقرر ہو گیا ہے۔ جو طلبہ کو عربی بحیثیت مضمون لسانیات کے پڑھائیں گے۔ دار العلوم حقانیہ مبعوث الازہر اور جامع ازہر اور حکومت مصر کا تہ دل سے شکر گذار ہے۔

**نئے تعلیمی سال کا آغاز** | ۱۲ شوال سے دار العلوم کے نئے تعلیمی سال کا افتتاح ہوا۔ حضرت شیخ الحدیث نے درس ترمذی کے افتتاح کے بعد علوم دینیہ کی فضیلت اور طلبہ کا مقام اور ذمہ داریوں پر تقریر فرمائی۔ اب حضرت شیخ الحدیث صاحب اور دیگر تمام اساتذہ اور شعبے درس و تدریس میں مشغول ہیں۔ صرف دورہ حدیث شریف میں تقریباً ڈیڑھ سو طلبہ شرکت فرما رہے ہیں۔

---


## آنکھوں کے جملہ امراض کا شافی علاج

**سرمہ ہم پلہ ہیرا**

بفضلہ تعالیٰ سرمہ ہم پلہ ہیرا ۵ سال سے تیار ہو رہا ہے، جو پیدائشی اندھے پن کے علاوہ آنکھوں کے دیگر امراض مثلاً دھند، جالا، غبار، سرخی، پانی بہنا، اور ضعف بصارت کے لئے اکسیر ہے۔ ہزاروں لوگ شفایاب ہو چکے ہیں۔

قیمت فی شیشی ۵۰/۱ روپیہ علاوہ خرچہ ڈاک

تیار کردہ :- ہمدانی دواخانہ یونانی — قصور — لاہور

سٹاکسٹ :- تعمیری دواخانہ سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی


© rasailojaraid.com